Alberta

نیوز ریلیز

شفافیت اور انتخابی سالمیت کو فروغ دینا

30 مارچ، 2026ء

تجویزکردہ قانون سازی تنخواہ کے انکشاف کی حد کو کم کرے گی، شہریوں کے اقدامات اور واپسی کی نگرانی کو مضبوط کرے گی، اور الیکشن کے ڈیپ فیکس (deepfakes) پر پابندی عائد کرے گی۔

اگر پاس ہو گیا، تو *جسٹس سٹیٹیوٹس ایمینڈمینٹ ایکٹ، 2026ء* پبلک سیکٹر کے معاوضے کی رپورٹنگ کی حد کو کم کر دے گا، کھلے اور رسائی کے قابل جمہوری عمل میں اضافہ کرے گا اور ڈیپ فیکس (deepfakes) کی تخلیق و تقسیم پر پابندی لگا کر البرٹا کے الیکشنوں کی سالمیت کی حفاظت کرے گا۔

"البرٹا میں رہنے والے اپنی حکومت کی طرف سے شفافیت کے حصول کا حق رکھتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ پبلک سیکٹر میں معاوضے کی رپورٹنگ کو مضبوط بنانا ہماری ایک ترجیح ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہی، ہم اپنے الیکشنوں کی سالمیت کی حفاظت کی خاطر اپنے جمہوری عمل کی قانون سازی بہتر بنانے کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ البرٹا میں رہنے والوں کو ہماری جمہوریت پر پورا اعتماد ہو۔"

مِکی ایمری (Mickey Amery)، وزیرِ انصاف

پبلک سیکٹر کمپینسیشن ٹرانسپیرینسی ایکٹ

عوامی احتساب کو مضبوط بنانے کیلئے ایکٹ کے تحت معاوضے کے انکشاف کی حد کو کم کر کے 130,000 ڈالر کر دیا جائے گا۔ کیلنڈر سال میں دوسرے انقطاع کی ضرورت کو ختم کر دیا جائے گا تا کہ ایک سالانہ انکشاف پر واپس آ جائے جیسے کہ سٹینڈنگ کمیٹی آن فیملیز اینڈ کمیونٹیز نے تجویز دی ہے۔ *پبلک سیکٹر کمپینسیشن ٹرانسپیرینسی ایکٹ* کی یہ اَپ ڈیٹس ریڈ ٹَیپ (red tape) کو کم کر کے مضبوط شفافیت کو برقرار رکھے گی۔

سٹیزن انیشیٹو ایکٹ

سٹیزن انیشیٹو ایکٹ میں تجاویز کردہ ترامیم شفافیت اور جوابدہی میں اضافہ کریں گی جس سے وزیر انصاف اور پیٹیشن دائر کرنے والے کو دستخط کی تصدیق کے عمل کا مشاہدہ کرنے کیلئے جانچ پڑتال کرنے والوں کی تقرری کرنے میں مدد ملے گی۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ اگر تصدیق کے عمل کے بارے میں خدشات موجود ہیں تو دستخطی شِیٹس دستیاب ہیں، کامیاب شہری اقدام کی پیٹیشن کی دستخطی شِیٹس کو حالیہ ایک سال کی ضرورت کی بجائے دو سال تک رکھنے کی ضرورت ہو گی۔ ایک کامیاب شہری اقدام کی پروپوزل کے نتیجے میں ریفرنڈم منعقد کرنے کی آخری تاریخ کو ختم کر دیا جائے گا۔ مقررہ ڈیڈلائن کو ختم کرنے سے ریفرنڈم کو مناسب طور پر شیڈول کیا جا سکے گا۔

ری کال (Recall) ایکٹ

دوسری ترامیم کی طرح، تجاویز کردہ تبدیلیاں واپسی (recall) کی پیٹیشن میں نامزد ایم ایل اے اور پیٹیشن دائر کرنے والے کو جانچ پڑتال کرنے والوں کی تقرری کی اجازت دیں گی۔ ایکٹ میں تبدیلیوں سے یہ بھی واضح ہو جائے گا کہ چیف الیکٹورل آفیسر کو ری کال وَوٹ مکمل ہونے تک کامیاب ری کال پیٹیشن کی دستخطی شِیٹس کو لازمی طور پر اپنے پاس رکھنا چاہئے۔

Classification: Public

Alberta

نیوز ریلیز

الیکشن فنانسز اینڈ کنٹریبیوشنز ڈسکلوژر ایکٹ

البرٹا کی حکومت ڈِیپ فیکس (deepfakes) کے مسئلہ کو حل کر رہی ہے اور اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ الیکشنز منصفانہ اور ایماندارانہ رہیں۔ اُمیدوار کے طرز عمل یا بیانات کے بارے میں ووٹروں کو گمراہ کرنے والے ڈیپ فیکس تیار کرنا اور انہیں تقسیم کرنا ممنوع ہوگا۔ اگر وہ ڈیپ فیکس پر پابندیوں کی تعمیل نہ کرتے ہوئے پائے گئے تو اس میں ملوث شدہ افراد پر زیادہ سے زیادہ 10,000 ڈالر اور اداروں پر 100,000 ڈالر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

ایک ساتھ مِل کر، یہ تبدیلیاں ہمارے الیکشنوں، ری کال، اور سیٹیزن کے اقدامات کے عمل کو بہتر بنائیں گی اور ہمارے اعتماد میں اضافہ کریں گی۔

فوری حقائق

- *جسٹس سٹیٹیوٹس ایمینڈمینٹ ایکٹ، 2026ء* مندرجہ ذیل قانون سازی میں ترمیم کرتا ہے:
  - *پبلک سیکٹر کمپینسیشن ٹرانسپیرینسی ایکٹ*
  - *سیٹیزن انیشیٹو ایکٹ*
  - *ری کال (Recall) ایکٹ*
  - *الیکشن فنانسز اینڈ کنٹریبیوشنز ڈسکلوژر ایکٹ*
- *پبلک سیکٹر کمپینسیشن ٹرانسپیرینسی ایکٹ* ہر 30 جون کو ایک مخصوص حد سے زیادہ کمائی کرنے والے ملازمین اور پبلک ایجینسی بورڈ کے تمام ممبران سے معاوضے اور انقطاع کے انکشاف کا تقاضا کرتا ہے۔
- البرٹا کی حکومت کے ملازمین کیلئے حد کو 133,813 ڈالر سے کم کر کے 130,000 ڈالر کر دیا جائے گا اور پبلک سیکٹر کے وسیع تر اداروں کیلئے 159,676 ڈالر سے کم کر کے 130,000 ڈالر کر دیا جائے گا۔
- ڈیپ فیکس ظاہری طور پر حقیقی میڈیا ہیں، جو ایک حقیقی فرد کی تصویر کشی کرتے دکھائی دیتے ہیں، وہ ڈیجیٹل طور پر یا جعلسازی سے تیار کئے جاتے ہیں۔
- اگر اس بات کا امکان ہو کہ ڈیپ فیکس وَوٹ دہندگان کو مندرجہ ذیل کے طرز عمل یا بیانات کے بارے میں گمراہ کر سکتے ہیں تو وہ ممنوع ہوں گے:
  - کسی پارٹی کا رہنما
  - قیادت یا نامزدگی کیلئے مقابل
  - کوئی امیدوار
  - کوئی وزیر
  - کوئی ایم ایل اے
  - چیف الیکٹورل آفیسر
  - الیکشن کمشنر
  - الیکشنز البرٹا کے ملازمین
  - الیکشن آفیسرز

نیوز ریلیز

متعلقہ معلومات

- جمہوری طریق عمل اور تحفظات کو بہتر بنانا
- حقائق نامہ: بِل 23: جسٹس سٹیٹیوٹس ایمینڈمینٹ ایکٹ، 2026ء

متعلقہ خبریں

- جمہوری طریق عمل پر اعتماد کی بحالی (4 دسمبر، 2025ء)
- جمہوریت کو مضبوط کرنا (29 اپریل، 2025ء)